کتاب کا نام : ہندومت اسلام اور پاکستان

مصنف : ڈاکٹر عمر حیات سیال

ناشر : ندوۃ القلم اردو بازار کراچی جنوری ۲۰۰۸ء

قیمت وصفحات : ۹۰ روپے ۷۷ صفحات

ڈاکٹر صاحب کسی تعارف کے محتاج نہیں طویل عرصہ سے شیخ زاید سینٹر جامعہ کراچی میں تدریسی فرائض انجام دے رہے ہیں۔ بہت محنتی اور منکسر المزاج شخصیت کے حامل ہیں۔ متعدد موضوعات پر آپ کی تصانیف شائع ہو چکی ہیں۔ جن میں سے کچھ کا تعارف یہاں پیش کیا جا رہا یہ کتاب چھ ابواب پر مشتمل ہے جسمیں ہندو مذہب کی تاریخ ھندو مسلم تعلقات ہندو اخلاق سیاست ،ھندوؤں کا سلوک مسلمانوں سے قیام پاکستان کے بعد اور عیار ھندو کی پاکستان دوستی اور قائد اعظم کی شخصیت جیسے مباحث کتاب کا حصہ ہیں۔ کتاب اپنے موضوع پر مختصر و جامع ہے۔

کتاب کا نام : امت مسلمہ کو درپیش مسائل اور مولانا محمد علی جوہر

مصنف : ڈاکٹر عمر حیات سیال

ناشر : ندوۃ القلم اردو بازار کراچی جنوری ۲۰۰۸ء

قیمت وصفحات : ۱۰۰ روپے -۸۰ صفحات

مولانا محمد علی جوہر امت مسلمہ کے ان عظیم رہنماؤں میں سے ہیں جو انگریزی تعلیم یافتہ ہونے کے باوجود انگریز سے مرعوب نہیں تھے نہ اسکی فکر کے اسیر تھے بلکہ پختہ مسلمان تھے مصنف نے ان کے حالات بیان کر کے ان کی تقاریر کے اقتباسات پیش کرنے کے ساتھ ان کی آزادی و حریت کے افکار کو پیش کیا گیا ہے اگر یہ کتاب مجھے پہلے ملتی تو میں اس سے اپنی کتاب ''آپ ﷺ کی گفتگو وخطاب کا طریقہ سیرت طیبہ ﷺ کی روشنی میں'' ضرور استفادہ کرتا۔ آج کے نو جوان کو مولانا کے افکار اپنانے اور فن تقریر پر عبور حاصل کرنے کے لئے اس کتاب سے استفادہ کرنا چاہئے۔